دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پروفیسر نوید اقبال برطانیہ کے موقر اکیڈمی ویزیٹنگ فیلوشپ دو ہزار پچیس سے سرفراز

New Delhi, May 20, 2025

پروفیسر نوید اقبال ،شعبہ نفسیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی کو برطانیہ کے موقر اکیڈمی ویزیٹنگ فیلوشپ دو ہزار پچیس سے سرفراز کیے گئے۔ برطانیہ کی باتھ یونیورسٹی ان کی میزبان ہوگی جہاں پروفیسر سارہ ہالی گن کے ساتھ 'سپورٹ اویل ایبل ٹو ریفیو جی چلڈرن اینڈ دیئر فیملیز ان انڈیا اینڈ دی یوکے' کے تحقیقی موضوع پر ایک ساتھ کام کریں گے۔ اس پروجیکٹ میں دونوں ملکوں میں پناہ گزیں آبادی کی صحت کو متاثر کرنے والی نفسیاتی، سماجی اور ادارہ جاتی جہات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے امدادی نظام کے تقابلی فریم ورک کا جائزہ لیا جائے گا۔

یہ فیلوشپ پروفیسر اقبال کے بین الاقوامی اعزازات واکرمات کی شان دار فہرست میں اضافہ ہے۔ اس سے قبل وہ مختلف موقر فیلوشپ سے نوازے جاچکے ہیں جن میں جاپان سوسائٹی فار دی پروموشن آف سائنس (جے ایس پی ایس) کی جانب سے دو ہزار چوبیس میں انویٹیشنل فیلوشپ فار ریسرچ ان جاپان، انڈونیشا کی ایرلنگا یونیورسٹی کا ویزیٹنگ فیلو۔ دو ہزار چوبیس اور برطانیہ کی لیسٹر یونیورسٹی کی گلوبل چیلنج رسرچ فنڈ (جی سی آر ایف) فیلوشپ دو ہزار انیس شامل ہیں۔ یہ انعامات واعزازت بین الاقوامی علمی اشتراکات اور انتہائی معیاری تحقیق کے تئیں ان کی متواتر کوششوں کے غماز ہیں۔

ان فیلوشپ کے علاوہ پروفیسر اقبال نے دنیا بھر کی مختلف یونیورسٹیوں میں بطور ویزیٹنگ پروفیسر بھی اپنی خدمات انجام دی ہیں ان یونیورسٹیوں میں روس کی ایس ٹی پیٹس برگ یونیورسٹی دو ہزار پچیس، جاپان کی اوسا کا میٹروپولیٹن یونیورسٹی دو ہزار چوبیس، پولینڈ کے وارسا میں واقع کارڈینل اسٹیفن ویزینسکی یونیورسٹی دو ہزار تیئس اور کناڈا کی واٹرلو یونیورسٹی دو ہزار اٹھارہ شامل ہیں۔

نیز پروفیسر اقبال کو کئی بین الاقوامی رسرچ گرانٹس بھی مل چکی ہیں جو ان کی فاضلانہ خدمات کی اہمیت کو نشان زد کرتی ہیں۔ ان میں فرانس کی انٹرنیشنل فاؤنڈیشن آف ہاؤس آف ہیومن سائنسز کے ڈائریکٹرز آف ایسوسی ایٹیڈ اسٹڈیز (ڈی ای اے)

پروگرام دوہزار اکیس، برطانیہ کی لیسٹر یونیورسٹی کا جی سی آر ایف رسرچ گرانٹ دوہزار انیس، ہند جرمنی (یو جی سی۔ڈی اے اے ڈی، پی پی پی دوہزار اٹھارہ۔انیس) رسرچ پروجیکٹ اور ہند کناڈا شاستری رسرچ گرانٹ (ایس آر جی۔دوہزار سترہ۔اٹھارہ) شامل ہیں۔

مزید برآں پروفیسر اقبال بین الاقوامی پروفیشنل گروپ کے معزز رکن بھی ہیں جس نے بچوں کے ساتھ ناروا سلوک دوہزار ا ئیس کے موضوع پر یونیسکو چیئر قائم کرنے کے سلسلے میں اہم رول ادا کیا تھا۔

ان کی تین کتابیں (ترتیب وتدوین) زیور طبع سے آراستہ ہوچکی ہیں اور موقر قومی وبین الاقوامی رسائل وجرائد میں ایک سو پانچ سے زیادہ تحقیقی مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ